بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

مرکزی
میڈیا آفس

جمعہ، 05 ذی القعد، 1438ھ　　28/07/2017　　نمبر: 1438 AH/053

پریس ریلیز

خلافہ ڈاٹ نیٹ کی تزین و آرائش کے بعد افتتاح کا اعلان

حزب التحریر کا مرکزی میڈیا آفس جمعہ 5 ذی القعد 1438 ہجری بمطابق 28 جولائی 2017 کو خلافت راشدہ ویب سائٹ (Khilafah.net) کی تزین و آرائش کے بعد افتتاح کا اعلان کرتا ہے۔

اس اعلان کے ساتھ مرکزی میڈیا آفس اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ وہ خلافت راشدہ کے قیام میں ہماری مدد فرمائے تا کہ امت کی عزت اور شان و شوکت بلند ہو اور وہ اسلامی طرز زندگی کی بحالی سے خوش ہو جسے اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے ان کے لیے پسند فرمایا ہے، اور اللہ تعالیٰ اُس جماعت کو اِس امت کی قیادت نصیب فرمائے جو اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں بولتی، جو ایماندار اور مخلص ہے اور انہیں میں سے ہے۔ یہ وہ جماعت ہے جس نے امت کو مشکلات کے دوران مایوس نہیں کیا، یہ وہ جماعت ہے جس نے اپنا ہاتھ امت کے دشمنوں کے ہاتھوں میں نہیں دیا، اور جو سوائے اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے کسی سے کامیابی کے لیے مدد نہیں مانگتی۔ لہٰذا نبوت کے طریقے پر دوسری خلافت راشدہ کا اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا وعدہ اور رسول اللہ ﷺ کی بشارت پوری ہو گی، جس کی آمد کی آثار افق پر نظر آرہے ہیں، اور جس کے طلوع کا وقت قریب آگیا ہے۔ اور اللہ کے لیے یہ سب کچھ بالکل بھی مشکل نہیں۔

حزب التحریر، جو ساٹھ سال سے میدان عمل میں موجود ہے، کورکاوٹوں، مشکلات اور حکمرانوں اور جابروں کی ناانصافیوں کی کوئی پروا نہیں ہے۔ وہ لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کے طریقے کے مطابق اسلامی ریاست کے دوبارہ قیام کی دعوت دے رہی ہے بالکل ویسے ہی جیسے رسول اللہ ﷺ نے پہلی اسلامی ریاست مدینہ المنورہ میں قائم فرمائی تھی۔ حزب التحریر نے ایک منفرد اور مضبوط آئین قرآن و سنت سے اخذ کر کے امت کے سامنے ایک منصوبے کے طور پر پیش کیا ہے کہ جسے جب نافذ کیا جائے گا تو وہ امت کو انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین کے اندھیروں سے نکال کر اسلام کی روشنی اور انصاف سے روشناس کرائے گی تا کہ اس دنیا اور آخرت کی خوشیاں حاصل ہوں۔۔۔۔ یہ حزب التحریر ہے، اللہ کی مدد اور رضا کی طالب، اور اس کے متحرک امیر، مشہور فقیہ عطا بن خلیل ابو الرشتہ، اللہ ان کی حفاظت فرمائے، کہ وہ ان تمام شرعی طریقہ کار اور ان وسائل کو استعمال کریں جو انہیں میسر ہیں، اور اس نے ایک نئے پلیٹ فارم اور میڈیا کا اعلان کیا ہے۔ اس نے خلافت راشدہ ویب سائٹ کے اجرا کا اعلان کیا ہے جسے نئی شکل اور تزین و آرائش کے بعد دوبارہ شروع کیا گیا ہے کہ وہ اسلامی امت کو ماضی کی شان و شوکت، اور سیاسی، فکری اور فقہی بیانات کی اشاعت کر کے امت کے اہم ترین مسئلہ (نبوت کے طریقے پر خلافت) سے متعلق آگاہی کو پھیلائے اور انہیں موجودہ گمراہی اور تذلیل کی صورتحال سے نکال کر انہیں اسلام کے زیر سایہ حکومت میں ترقی اور عزت کی زندگی کا تصور پیش کرے جو رسول اللہ ﷺ ہمارے لیے چھوڑ گئے تھے جب انہوں نے کہا،

تَركتُكُم على بَيضاءَ نقية لَيلُها كنهارِها لا يَزِيغُ عنها إلاَّ هالِكٌ

"میں تمھیں روشنی کی راہ پر چھوڑے جا رہا ہو جس کی رات دن کی طرح ہے۔ میرے جانے کے بعد کوئی اس سے نہ ہٹے سوائے اس کے جو برباد ہوا"۔

نئی تزین و آرائش کی حامل Khilafah.net کی سائٹ مسلمانوں کو بتاتی ہے کہ کس طرح اسلامی ریاست قائم ہوئی تھی، کس طرح وہ تباہ ہوئی، اس کے دوبارہ قیام کی فرضیت، اور اس کے قیام کا شرعی طریقہ کار کیا ہے۔ یہ ویب سائٹ امت کو ریاست خلافت کا ڈھانچہ، اس کے نظام اور ادارے اور وہ آئین بھی دیکھاتی ہے جو حزب التحریر نے نبوت کے طریقے پر دوسری خلافت راشدہ کے لیے تیار کیا ہے جب وہ اللہ کے حکم سے جلد ہی قائم ہو گی۔۔۔۔ اس ویب سائٹ پر اسلام کے نظام حکمرانی سے متعلق کتابوں اور فکری، سیاسی اور فقہی تحریروں کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ جماعت کی لیفلٹس، میگزینز، اہم واقعات پر تبصروں، اور خبروں اور سیاسی تجزیوں کو بھی جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے پڑھا جا سکتا ہے۔

ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہماری رہنمائی فرمائے اور اس ویب سائٹ کو خیر کی روشنی پھیلانے کا ذریعہ بنائے تا کہ لوگوں کی رہنمائی ہو سکے، اور اللہ ان لوگوں کو اجر عظیم عطا فرمائے جو اس ویب سائٹ کو چلا رہے ہیں۔ اللہ ہی کامیابی دینے والے ہیں۔

ڈاکٹر عثمان بخاش
ڈائریکٹر مرکزی میڈیا آفس
حزب التحریر

المكتب الإعلامي المركزي — حزب التحرير — HIZB-UT-TAHRIR Central Media Office